جامعة الملك سعود، ریاض میں زیر تعلیم ہندوستانی طلبہ کا

عید الاضحیٰ مبارک

ایڈیٹر

یاسر اسعد

ماہنامہ

شمارہ نمبر (۴) جون و جولائی ۲۰۲۲ء = ذوالقعدہ و ذوالحجہ ۱۴۴۳ھ

مشمولات مجلہ

افتتاحیہ

ارتکاز کا یہ شمارہ جب آپ کو باصرہ نواز ہوگا اس وقت مسلمانان عالم اپنے دوسرے عظیم الشان تہوار اور ایک عظیم فریضے کی ادائیگی سے فارغ ہو چکے ہوں گے۔ تہوار کی مبارک باد کے ساتھ اللہ کی جناب میں دعا ہے کہ ہماری قربانیاں اس کے یہاں شرف قبولیت حاصل کریں اور ہر سال وطن عزیز میں یہ تہوار ہم اسی شان و شوکت کے ساتھ مناتے رہیں۔

مسلمانان ہند پر تازہ قہر یہ نازل ہوا کہ چلتے ٹی وی پروگرام میں حکومت وقت کی ایک اسپیکر نے محسن انسانیت ﷺ کے بارے میں توہین آمیز کلمات کہے، اسی سے پیوستہ حکومت ہی کے ایک دوسرے ذمہ دار صحافی نے بھی اپنے ٹویٹر اکاؤنٹ کے ذریعہ ان گستاخیوں کا اعادہ کیا، اور یوں صرف مسلمانان ہند ہی نہیں مسلمانان عالم کے دل بھی سخت رنجور ہوئے اور مختلف پلیٹ فارموں سے انہوں نے اس پر اعتراض جتایا۔ ممکن ہے یہ کلمات وقتی اشتعال کا نتیجہ رہے ہوں، مگر مسلم مخالف حکومت اور اس کے کارندوں نے جس طریقے سے اس کی جابجا حمایت کی اور کھل کر اپنی خباثت کا اظہار کیا وہ انتہائی افسوس ناک تھا۔ بہت ممکن تھا کہ اپنی سابقہ مثالوں کی طرح اس پر بھی ہندوستانی مسلمانوں کا احتجاج بے سود رہ جاتا، مگر عرب ممالک نے بڑے پیمانے پر اس پر ناراضگی جتائی جس کے سبب برسر اقتدار پارٹی نے ان دونوں گستاخوں پر پابندی عائد کی اور اپنی پارٹی سے معزول کر دیا۔ گر بات یہیں پر ختم ہو جاتی تو بہت ہی

بہتر ہوتا، مگر اس کے بعد بھی بڑی تعداد میں مظاہرات کا سلسلہ شروع جاری رہا، اور حسب سابق ان مظاہرات نے اپنوں کی ناسمجھی یا غیروں کی سازش سے پر تشدد شکل اختیار کر لی اور حکومت کو دخل اندازی اور کارروائی کا جواز فراہم کیا، اس کے بعد جو کچھ ہوا وہ بہت ہی افسوس ناک رہا۔ اللہ ہمارے حال پر رحم کرے۔۔

توہین رسالت کے واقعات گزشتہ دہائی سے جس قدر تسلسل کے ساتھ پیش آرہے ہیں، اور انہیں باقاعدہ دنیا کی مختلف حکومتوں کی سرپرستی مل رہی ہے یہ چیز ہمیں سوچنے پر مجبور کر دیتی ہے، اور پھر اس طرح کے واقعات پر ہم مسلمانوں کے رد عمل کا جو طریقہ ہے وہ بھی مجموعی طور پر دنیا کے سامنے ہے۔

سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ اسلامی تعلیمات نے دوسرے مذاہب کا رد ضرور کیا ہے مگر تردید اور توہین کے فرق کو بھی ملحوظ رکھا ہے۔ اس ضمن میں سورہ انعام کی ایک سو آٹھویں آیت کریمہ اصولی دلیل ہے۔ اس لیے یہاں پر غیر مسلموں کو (اور بعض مسلمان بھائیوں کو بھی) خوب سمجھ لینا چاہیے کہ ان یاوہ گوئیوں کے مقابلے میں مسلمان اس سطح پر نہیں اتر سکتے کیوں کہ ان کا مذہب خود انہیں اس سے باز رکھتا ہے۔ خصوصاً جب یہ گستاخی کسی آسمانی مذہب کے پیروکاروں سے ہوتی ہے تو اس وقت مسلمان مزید مجبور ہوتا ہے کہ وہ اپنے پیغمبر کی اطاعت کے ساتھ ان کے پیغمبروں پر ایمان لانے کا بھی مکلف ہے اور اگر وہ ان کی سطح پر اترتا ہے تو اس کے اندر اسلام باقی نہیں رہ جاتا۔ پس دین حقیقی اور عالمی امن وسلامتی کا ضامن وہی دین ہے جو بقائے باہم اور رواداری کی تعلیم دیتا ہو اور دوسرے مذہب کی کسی بھی چیز کی توہین سے سختی سے منع کرتا ہو۔

دوسری بات یہ کہ ان مواقع اور فرصتوں کو کیش کرنے میں ہم ہندوستانی مسلمان بہت پیچھے ہیں۔ اس سراپا شر میں ہم خیر کا پہلو کیسے برآمد کر سکتے ہیں اس میں ہماری کوئی دلچسپی نہیں ہوتی۔ اسلام اور پیغمبر اسلام ﷺ کے دفاع کے لیے موجودہ دور میں کیا کیا وسائل استعمال ہو سکتے ہیں اور کس

طریقے سے محسن انسانیت ﷺ سے عالم انسانیت کو بخوبی واقف کرایا جاسکتا ہے اس طرف ہماری نگاہ نہیں جاتی۔ حالانکہ زیادہ دور نہیں، گذشتہ صدی کے ہندوستانی ماحول پر ہی نظر ڈالیے تو بہت ساری مثالیں مل جائیں گی کہ کس طرح ہمارے علماء نے اسلام کے اوپر وارد کیے جانے والے اعتراضات کا فوری جائزہ لیا ہے اور یہ جائزہ بھی سب وشتم پر مبنی نہیں بلکہ انتہائی عالمانہ اور باوقار جواب ہوتا تھا۔ 'سلطان التفاسیر' کی آڑ میں جب مرتد پادری سلطان محمد نے قرآن پر تنقید کی اور شکوک وشبہات پھیلانے کی کوشش کی تو مولانا ثناءاللہ امرتسری رحمۃ اللہ علیہ نے فوری تعاقب کیا اور جدال بالتی ھی احسن کی مثال قائم کی۔ وقت کی حاجت اور اپنی ذمہ داری کا احساس ان بزرگوں کو کتنا تھا اس کا اندازہ اس اقتباس ثنائی سے لگائیے: ''.........چونکہ پادری صاحب نے ایک ماہوار عیسائی رسالہ ''المائدہ'' کی معرفت تھوڑا تھوڑا حصہ تفسیر کا شائع کرنا شروع کیا تھا جس کی وجہ سے خیال ہوا کہ اگر اس تفسیر کے خاتمہ تک جنبش قلم کو بند رکھا جائے تو اتنے عرصے تک زندگی کا کیا اعتبار؟ نیز اتنا بڑا کام دفعتاً کرنا محال ہوگا، اس لیے ۶/ مئی ۳۲ء سے ہم نے پادری صاحب کے پیچھے اشہب قلم دوڑادیا۔ مسلم قلم اتنے زور سے دوڑا کہ پادری صاحب کے برابر جاملا.........''

بہت افسوس ہے کہ ہماری ساری تگ ودو کا ماحصل فقط مظاہرات ہیں، ایسے احتجاجات جن میں طیش وغضب کی زبان ہو، مخالف کے تکا بوٹی بنانے کی زبان ہو، اینٹ کا جواب پتھر سے ہو۔ کوئی مسلم قلم اور وہ بھی قوم کی زبان میں اپنے نبی کے تعارف اور ان کے دفاع میں دور دور تک نظر نہیں آتا۔

اس کے مقابلے میں یورپی مسلمانوں کا ایسے مواقع پر رد عمل دیکھیے۔ ہالینڈ میں اسلام مخالف طاقتوں نے ۲۰۰۸ء میں ''فتنہ'' فلم بنائی تھی جس میں اسلام اور پیغمبر اسلام کے تعلق سے زہر افشانی کی گئی تھی اور پوری فلم میں یہی دکھایا گیا کہ اسلام اور اہل اسلام شدت پسند ہیں۔ ۱۷/ منٹ کی یہ فلم ہالینڈی مسلمانوں کے لیے واقعی فتنہ (آزمائش) تھی جس میں مسلمان کھرے اترے اور غیظ وغضب کے باوجود کوئی ایسا قدم نہیں اٹھایا جو خود ان کی بدنامی کا باعث بنتا، اب اہانت کا یہ معاملہ صرف

مسلمانوں اور ان فلم سازوں کے درمیان کا نہیں رہا بلکہ پورے ہالینڈی معاشرے نے اس پر اپنا احتجاج درج کرایا جن میں بہت سارے فلم پروڈیوسر، قانون داں ارباب کنیسہ بھی تھے، یہی نہیں بلکہ ایمسٹرڈم میں اسلامی مکتبات پر غیر معمولی بھیڑ دیکھی گئی، حتی کہ فلم کی نمائش کے فقط دو دن بعد وہاں سے قرآنی تراجم ختم ہوگئے۔ ہالینڈی اخباروں نے مسلمانوں کے پر سکون رد عمل کو سراہا، ہالینڈ کے اخبار دی ٹیلی گراف نے بتایا کہ کس طرح مسلمانوں نے مشتعل ہونے کے بجائے ان اعتراضات کو فرو کرنے کے لیے مساجد کے دروازے چوپٹ کھول دیے، اور مختلف ورکشاپوں میں بتایا گیا کہ کس طرح قرآنی آیات کو اس فلم میں سیاق وسباق سے کاٹ کر پیش کیا گیا ہے۔ نیز اس کے جواب میں بھی کچھ فلمیں تیار کر کے انٹرنیٹ پر اپ لوڈ بھی کی گئیں۔ یہ تو تھی عربی مجلہ المجتمع کی ۱۲-۱۸/اپریل ۲۰۰۸ء کی رپورٹ۔ اب اس سے آگے زمانے کی نیرنگیاں دیکھیے۔

انگریزی اخبار دی گارجین کی اشاعت بروز ۲۳/اکتوبر ۲۰۱۳ء میں ایک خبر شائع ہوئی جس کی سرخی یوں ہے:

"Arnoud van Doorn: from anti-Islamic film-maker to hajj pilgrim"

خبر کے نیچے درج ہے کہ 'گیرٹ ولڈرز کی اسلام مخالف پارٹی کا سابق ممبر جس نے مسلمانوں کے خلاف فلم بنا کر ان کو شدت پسند ثابت کرنے کی کوشش کی، وہ کیوں کر مکہ مکرمہ سے ٹویٹ کر رہا ہے؟'

فتنہ نامی اس فلم کے اس پروڈیوسر Arnoud van Doorn نے بتایا کہ فلم کی ریلیز کے بعد جب اس نے لوگوں کے شدید غیظ وغضب کا مشاہدہ کیا تو حقیقت حال سے واقفیت کے لیے قرآن وسنت کا مطالعہ شروع کیا، اور مسلمانوں کے دینی مراکز کا رخ کیا، اور کچھ عرصے کے بعد اس نے اپنے مسلمان ہونے کا اعلان کر دیا۔ ۲۰۱۳ء اس کے قبول اسلام کا سال تھا، ۲۰۱۴ء میں اس کا بیٹا بھی اسلام کے سایے

میں آگیا اور یوں ؎

پاسباں مل گئے کعبے کو صنم خانے سے

۲۰۱۳ء میں بدنام زمانہ فلم کا یہ پروڈیوسر مناسک حج کی ادائیگی کے لیے حجاز پہنچتا ہے، مدینہ منورہ میں قبر رسول ﷺ کے پاس پہنچ کر اس کا ضبط جواب دے دیتا ہے، زیارت کے بعد دیے گئے انٹرویو میں کہتا ہے کہ ”رسول اکرم ﷺ کی قبر کے پاس پہنچ کر میری شرمندگی مزید بڑھ گئی کہ اسلام سے قبل میں نے کتنے بڑے گناہ کا ارتکاب کیا تھا۔“

اس طرح کی اور مثالیں ڈھونڈھنے پر دستیاب ہو جائیں گی کہ دین حق کے خلاف آخری حد تک جانے والے نفوس کے اندر جب بحث و تحقیق اور معرفت حق کا شوق پیدا ہوتا ہے تو پھر وہی اس دین کے محافظ بن جاتے ہیں۔ ہماری ذمہ داری ان حالات میں اسلام اور پیغمبر اسلام کے تعارف کی ہے۔ بڑے پیمانے پر نبی پاک ﷺ کی سیرت اور آپ کے کردار کو مختلف علاقائی زبانوں میں عام کرنے اور خود ان پر عمل پیرا ہونے کی ضرورت ہے۔

۲۰۲۲ء کا حج اللہ کے فضل و احسان سے بہ حسن و خوبی اختتام پذیر ہوا۔ وبائی مرض کے سبب پچھلے دو برسوں کا حج کافی محدود حجاج کے لیے تھا جس کا قلق سارے مسلمانوں کو تھا۔ اس سال احوال کی بہتری کے بعد مملکت سعودی عرب نے تقریباً دس لاکھ حجاج کا خیر مقدم کیا اور ہمیشہ سے بڑھ کر ان کا انتظام کیا اور ان کے لیے سہولتیں مہیا کرانے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا۔ وبائی دور کے بعد حجاج کی آسانی کے لیے کافی نئے پروجیکٹوں کا آغاز ہوا جس کی وجہ سے امسال کا انتظام گذشتہ سالوں سے فائق تر رہا جس کی تعریف میں حجاج رطب اللسان رہے۔ اتنے بڑے مجمع کو احسن طریقے سے کنٹرول کرنا اور ہر طرح کی بدمزگی دور کر کے اسلام کے پانچویں رکن کی ادائیگی کو حتی الوسع آسان بلکہ پر تعیش بنانے پر مسلمانانِ عالم کو حکومت سعودیہ کا ممنون ہونا چاہیے۔ امن عالم کی جو صورت حال ہے اور جس طریقے

سے مملکت کے خلاف ریشہ دوانیوں کا سلسلہ زبان قال و حال سے جاری رہتا ہے اس کی حمایت کی توقع کسی مسلمان سے نہیں کی جانی چاہیے، کیوں کہ اسی بلاد امن کے امن وامان پر یہ عظیم الشان عبادت موقوف ہے۔ ہمارے بعض برادران، جو ہر چھوٹی بڑی بات پر مسلمان حکومتوں اور ان کے حکمرانوں کے خلاف بیان بازی اور بسااوقات تکفیر تک چلے جاتے ہیں، ان کو اس رخ پر سنجیدگی کے ساتھ غور کرنا چاہیے۔

(یاسر اسعد)

وجہ اللہ (اللہ کے چہرے) کا معنی اور مفہوم

حسان عبد الغفار
جامعۃ الملک خالد، ابہا

اللہ رب العزت کی صفات کا باب ابواب اسلام میں سب سے اہم اور اعلی ہے؛ وہ اس وجہ سے کہ اس کی حقیقی اور کامل معرفت اس کی صفات کو جانے بغیر ممکن نہیں ہو سکتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن کریم میں اللہ کے اسماء وصفات کا ذکر دیگر احکام سے کہیں زیادہ موجود ہے۔ جیسا کہ امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: "والقرآن فيه من ذكر أسماء الله وصفاته وأفعاله أكثر مما فيه من ذكر الأكل والشرب والنكاح في الجنة"[1] "قرآن کریم میں اللہ کے اسماء وصفات اور افعال کا تذکرہ جنت میں کھانے پینے اور نکاح کرنے کے ذکر سے کہیں زیادہ ہے۔" نیز اللہ کی صفات کا باب توحید کے ارکان میں سے ایک اہم رکن اور معارف الہیہ میں سب سے اعلی واشرف علم ہے۔

مگر افسوس کہ اسلام کے اس اہم باب میں بہت سارے افراد اور بہت ساری جماعتیں گمراہی کا شکار ہوئیں۔ چنانچہ جب ہم اس گمراہی کے اسباب کو تلاش کرتے ہیں تو دو اہم اور بنیادی باتیں سامنے آتی ہیں:

۱۔ عقل بازی

یعنی صفات باری تعالی کو محض عقل سے سمجھنے کی کوشش کرنا۔

۲۔ تقلید

یعنی اپنے بڑوں اور بزرگوں کو دیکھ اور سن کر انہیں کی روش، طریقہ اور فہم کو اختیار کرنا۔

انہیں دو اہم اسباب کی بنا پر کچھ لوگوں نے صفات باری تعالی کا سرے سے انکار کر ڈالا، کچھ نے ان کی مثالیں بیان کی، کچھ نے انہیں مخلوق کے مشابہ قرار دیا تو کچھ نے ان کی تاویلیں کر ڈالیں۔

ذیل میں ہم اللہ رب العزت کی ایک ذاتی صفت **"الوجہ"** کا صحیح معنی اور مفہوم سمجھنے کے ساتھ ساتھ غلط مفہوم اور اس کی تاویل کو جاننے کی کوشش کریں گے۔

اللہ رب العزت کی صفات کی دو قسمیں ہیں:-

۱۔ صفات ذاتیہ

یعنی وہ تمام صفات جو اللہ تعالی کی ذات کے ساتھ ہمیشہ سے متصف رہی ہیں اور ہمیشہ متصف رہیں گی اور کبھی بھی اس کی ذات سے نہ توجدا ہوئی ہیں اور نہ ہوں گی۔

جیسے: العلم (علم)، الوجہ (چہرہ)، الیدین (دونوں ہاتھ) اور العینین (دونوں آنکھیں) وغیرہ۔

۲۔ صفات فعلیہ

یعنی وہ تمام صفات جو اللہ رب العزت کی مشیت سے جڑی ہوئی ہیں، اگر وہ چاہے تو انہیں انجام دے اور اگر

---

(۱) درء تعارض العقل والنقل: ۳۱۰/۵

چاہے تو نہ دے۔

جیسے :استواء على العرش (عرش پر مستوی ہونا)

نزول إلى سماء الدنيا (آسمان دنیا پر نزول) وغیرہ۔[1]

چنانچہ سلف صالحین کے یہاں یہ ضابطہ مسلم ہے کہ صفات الٰہی کے سلسلے میں وارد نصوص اور الفاظ سے صرف ان کے ظاہر معانی ہی مراد لیے جائیں گے۔ مطلب یہ کہ ان نصوص اور الفاظ کے سامنے آتے ہی جو معنی سب سے پہلے ذہن میں آتا ہے صرف اسی معنی کو مراد لیں گے جسے اصطلاح میں "معنیٰ متبادر إلى الذهن" کہا جاتا ہے۔ جیسا کہ قاضی ابویعلی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:"لا يجوز رد هذه الأخبار، ولا التشاغل بتأويلها، والواجب حملها على ظاهرها" [2] "صفات الٰہی پر مشتمل اخبار کو رد کرنا جائز نہیں ہے اور نہ ہی ان کی تاویل درست ہے بلکہ انہیں ان کے ظاہر معنی پر محمول کرنا ضروری ہے۔"

حتی کہ ابن عبدالبر رحمۃ اللہ علیہ نے اس پر اجماع نقل کیا ہے ، چنانچہ فرماتے ہیں : "أهل السنة مجمعون على الإقرار بالصفات الواردة كلها في القرآن والسنة، والإيمان بها، وحملها على الحقيقة لا على المجاز، إلا أنهم لا يكيفون شيئًا من ذلك، ولا يحدون فيه صفة محصورة"[3] "قرآن وسنت میں اللہ رب العزت کی جتنی صفات وارد ہوئی ہیں، ان کے اقرار پر، ان کے ساتھ ایمان لانے پر اور انہیں ان کے مجازی معنی کے علاوہ حقیقی معنی مراد لینے پر سلف صالحین کا اجماع ہے، نہ تو وہ کسی صفت کی کیفیت بیان کرتے ہیں اور نہ ہی کسی صفت کی حد بندی کرتے ہیں۔"

چنانچہ جب ہم لفظ "الوجہ" کو سنتے ہیں تو "چہرہ" کے علاوہ کوئی اور معنی یا مفہوم ہمارے ذہن میں نہیں آتا ہے کیونکہ اہل لغت نے اس کا یہی معنی بیان ہے۔

-**الوجه:** مُسْتَقْبَلُ كلِّ شيءٍ[4]

-**الوجه:** ما يواجهك من الرأس، وفيه العينان والفم والأنف.[5]

--یہی معنی اردو صاحب لغات نے بیان کی ہے۔[6]

قارئین کرام! جب یہ واضح ہو گیا کہ "الوجہ" کا معنی "چہرہ" ہے تو ہم دیکھتے ہیں کہ اردو مترجمین قرآن نے اس لفظ کا کون سا معنی مراد لیا ہے۔ ملاحظہ ہوں درج ذیل آیات اور ان کی تفسیریں:

۱-﴿**وَمَا تُنْفِقُوْنَ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ اللّٰهِ**﴾(البقرہ:۲۷۲)

ترجمہ:-

- تمہیں صرف اللہ کی رضامندی کی طلب کے لیے

---

(۱) دیکھیں: القواعد المثلى في صفات الله وأسمائه الحسنى لابن عثيمين ، ص : ۲۵

(۲) الفتوى الحموية الكبرى لابن تيمية ، ص : ۴۸۹

(۳) ایضا، ص: ۴۸۲ والصواعق المرسلة في الرد على الجهمية والمعطلة لابن القيم: ۱۲۸۹/۴

(٤) القاموس المحيط : ۱۲۵۵/۱

(٥) القاموس الفقهي لسعدي أبو حبيب : ۳۷۳/۱ ، ومعجم اللغة العربية المعاصرة لأحمد مختار : ۲۴۰۸/۳، والمعجم الوسيط : ۱۰۱۵/۲

(٦) دیکھیں: القاموس الوحيد، ص : ۱۸۱۹ ، المنجد، ص : ۹٦۲

ہی خرچ کرنا چاہیے۔(احسن البیان ترجمہ جوناگڑھی)

- آخر تم اسی لیے تو خرچ کرتے ہو کہ اللہ کی رضا حاصل ہو۔(تفہیم القرآن از مودودی)
- اور جو تم خرچ کرتے ہو اللہ ہی کی رضا کے لیے کرتے ہو۔(تیسیر القرآن از عبدالرحمن کیلانی)
- اور تم جو خرچ کروگے خدا کی خوشنودی کے لیے کروگے۔(تفسیر مظہری از قاضی محمد ثناءاللہ مظہری)

۲-﴿إِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ مِنْكُمْ جَزَآءً وَّلَا شُكُوْرًا﴾(الدھر:۹)

ترجمہ:-

- ہم تمہیں صرف اللہ تعالی کی رضامندی کے لیے کھلاتے ہیں نہ تم سے بدلہ چاہتے ہیں نہ شکر گزاری۔(احسن البیان ترجمہ جوناگڑھی)
- ہم تمہیں صرف اللہ کی خاطر کھلا رہے ہیں، ہم تم سے نہ کوئی بدلہ چاہتے ہیں نہ شکریہ۔(تفہیم القرآن از مودودی)
- ہم تمہیں صرف اللہ کی رضا کی خاطر کھلاتے ہیں ہم تم سے نہ کوئی بدلہ چاہتے ہیں اور نہ شکریہ۔(تیسیر القرآن از عبدالرحمن کیلانی)
- ہم تم کو خالص خدا کے لیے کھلاتے ہیں۔ نہ تم سے عوض کے خواستگار ہیں نہ شکر گزاری کے۔(تفسیر مظہری از قاضی محمد ثناءاللہ مظہری)

چنانچہ قرآن مجید میں جہاں بھی ''الوجہ'' کی اضافت اللہ کی طرف کی گئی ہے جیسے ﴿إِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ اللّٰهِ﴾ یا ﴿يُرِيدُونَ وَجْهَهُ﴾ یا ﴿يُرِيدُونَ وَجْهَ ٱللَّهِ﴾ یا ﴿لِوَجْهِ اللّٰهِ﴾ یا ﴿ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ﴾ یا پھر ﴿ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ﴾ وہاں پر ''اللہ کا چہرہ'' ترجمہ کرنے کے بجائے تمام مترجمین نے لفظ چہرہ کی جگہ ''رضا'' یا ''رضامندی'' یا پھر ''خوشنودی'' جیسے الفاظ سے ترجمہ کیا ہے جیسا کہ بطور مثال چار ترجمہ پیش کیا گیا ہے۔

درحقیقت یہ تاویل کی ایک شکل ہے کیونکہ لغت میں ''وجہ'' کا حقیقی معنی چہرہ ہے، لہٰذا ''وجہ اللہ'' سے اللہ کی رضا یا اجر وثواب مراد لینا قطعاً درست نہیں ہے، کیونکہ اللہ کی رضا الگ چیز ہے، ثواب الگ شے ہے اور اللہ کا چہرہ بھی الگ چیز ہے۔

نیز اللہ کی رضا کے لیے قرآن نے ''وجہ'' کے بجائے ''رضوان'' اور ''مرضات'' کا لفظ اختیار ہے، جیسا کہ اللہ کا فرمان ہے:-

۱-﴿وَرِضْوَانٌ مِّنَ ٱللَّهِ﴾ (آل عمران:۱۵)

۲-﴿يَبْتَغُونَ فَضْلًا مِّن رَّبِّهِمْ وَرِضْوَانًا﴾ (المائدۃ:۲)

۳-﴿يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُم بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَانٍ﴾ (التوبہ:۲۱)

۴-﴿وَرِضْوَانٌ مِّنَ ٱللَّهِ أَكْبَرُ﴾(التوبہ:۷۲)

۵-﴿وَمَثَلُ ٱلَّذِينَ يُنفِقُونَ أَمْوَٰلَهُمُ ٱبْتِغَآءَ مَرْضَاتِ ٱللَّهِ﴾ (البقرۃ:۲۶۵)

مزید برآں ''الوجہ'' کا ترجمہ ''ثواب'' یا ''اجر'' سے کرنا بھی درست نہیں ہے، کیونکہ قرآن کریم نے ''ثواب'' کے لیے بھی ''وجہ'' کے بجائے ''ثواب'' یا ''أجر'' کا لفظ اختیار کیا ہے، جیسا کہ اللہ کا فرمان ہے:

۱ - ﴿ثَوَابًا مِّنْ عِندِ ٱللَّهِ ۗ وَٱللَّهُ عِندَهُۥ حُسْنُ ٱلثَّوَابِ﴾ (آل عمران:۱۹۵)

۲-﴿فَلَهُمْ أَجْرُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ﴾(البقرة:۲۷۴)

ساتھ ہی جو لوگ ''وجہ اللہ'' کا ترجمہ اللہ کے چہرے کے بجائے اس کی رضا، خوشنودی یا اجر وثواب سے کرتے ہیں وہ اس آیت کا کیا ترجمہ کریں گے؟؟!!

﴿كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ . وَيَبْقَىٰ وَجْهُ رَبِّكَ ذُو ٱلْجَلَٰلِ وَٱلْإِكْرَامِ﴾(الرحمان:۲۶-۲۷)

سوال: جب یہ بات واضح ہو گئی کہ ''وَجہ'' کی اضافت اگر لفظ اللہ یا اس کے کسی دوسرے نام کی طرف کی گئی ہو تو اس کا ترجمہ اللہ کے چہرے کے بجائے کسی اور لفظ سے کرنا درست نہیں ہے تو پھر سوال پیدا ہوتا ہے کہ کسی بھی عبادت یا عمل کو اللہ کے چہرے کے لیے کرنے کا کیا مطلب ہے؟؟

جواب: اللہ کے چہرے کے لیے کوئی کام کرنے کا مطلب یہ ہے کہ کوئی بھی نیک عمل کرتے وقت انسان یہ نیت کرے کہ اسے اس عمل کی وجہ سے جنت میں اللہ کے چہرے کا دیدار نصیب ہو۔ چنانچہ رسول اکرم ﷺ کا ارشاد ہے:'' إِذَا دَخَلَ أَهْلُ الْجَنَّة الْجَنَّةَ – قَالَ – يَقُولُ اللَّهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى : تُرِيدُونَ شَيْئًا أَزِيدُكُمْ ؟ فَيَقُولُونَ : أَلَمْ تُبَيِّضْ وُجُوهَنَا ؟ أَلَمْ تُدْخِلْنَا الْجَنَّةَ، وَتُنَجِّنَا مِنَ النَّارِ ؟ ". قَالَ : " فَيَكْشِفُ الْحِجَابَ، فَمَا أُعْطُوا شَيْئًا أَحَبَّ إِلَيْهِمْ مِنَ النَّظَرِ إِلَى رَبِّهِمْ عَزَّ وَجَلَّ''[1]

'' جب جنت والے جنت میں داخل ہو جائیں گے، اس وقت اللہ رب العزت فرمائے گا کہ کیا تمہیں مزید کوئی چیز عطا کروں؟ وہ جواب دیں گے: کیا تو نے ہمارے چہرے روشن نہیں کیے! کیا تو نے ہمیں جنت میں داخل نہیں کیا اور جہنم سے نجات نہیں دی؟! آپ ﷺ نے فرمایا: ''چنانچہ اس پر اللہ تعالی پردہ اٹھادے گا تو انہیں کوئی چیز ایسی عطا نہیں ہوگی جو انہیں اپنے رب عزوجل کے دیدار سے زیادہ محبوب ہو۔''

خلاصہ یہ کہ جب ''وجہ'' کی اضافت لفظ جلالہ ''اللہ'' یا اس کے کسی اور نام کی طرف ہو تو اس سے صرف اللہ رب العزت کا چہرہ مراد ہوگا نہ کہ رضا، خوشنودی اور اجر وثواب۔ نیز اس کے چہرے کی نہ تو کیفیت بیان کی جائے گی اور نہ ہی اسے کسی مخلوق کے مشابہ قرار دیا جائے گا؛ کیونکہ اللہ کا فرمان ہے: ﴿لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ ۖ وَهُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ﴾(الشوری:۱۱)''اس کے مثل کوئی نہیں، وہ سننے اور دیکھنے والا ہے۔''

+919910563993
+966543602586
hassanansari318@gmail.com

(۱) صحيح مسلم، كتاب الإيمان، باب إثبات رؤية المؤمنين في الآخرة ربهم: ۱۸۱

۱۸۵۷ء کا انقلاب: پس منظر و پیش منظر

محمد عاصم افضال احمد

کلیۃ اللغۃ العربیہ، جامعہ ام القری، مکہ مکرمہ

ہندوستان کی تاریخ مغل سلطنت کا عہد زریں رقم کر رہی ہے، اکبر کے بعد جہاں گیر کا دور دورا ہے، گنگا جمنی تہذیب کا زمانہ شباب پر ہے، کاروبار حکومت فرقہ واریت سے پاک ہے، عوام صبر و شکر کی پیکر ہے، ایسے وقت میں قصر شاہی سے شاہِ وقت کی علالت کی خبر آتی ہے، اہل شہر دست دعا دراز کیے ہوئے ہیں، طبیبِ حرم نے کوئی کسر نہیں چھوڑی ہے، ہر چند کہ علاج و معالجہ کی تدبیریں عمل میں لائی جا رہی ہیں لیکن دست شفا ابھی مہلت چاہتا ہے، اس کے یہاں دیر تو ہے پر اندھیر نہیں، برطانیہ کا ایک طبیب شفا کا ذریعہ بنتا ہے، بادشاہ خوش ہو کر منہ مانگا انعام پوچھتا ہے، طبیب ہوشیار ہے بلکہ عیار ہے، نگاہیں دور افق پر ہیں، پورے ہندوستان کو اپنے حصار میں لیے ہوئے ہیں، طبیب نے مٹی کی زرخیزی کو بھانپ لیا ہے، مانگتا ہے تجارت کی اجازت دے دو، پروانہ مل جاتا ہے۔

اس واقعہ میں کتنی حقیقت ہے کتنا فسانہ اس سے قطع نظر، اس بات میں دورائے نہیں کہ جہاں گیر کے دور میں انگریزوں نے ہندوستان میں تجارتی حقوق حاصل کر لیے تھے، سولہویں صدی عیسوی سے ہی سامراجی نظام دھیرے دھیرے پوری دنیا کو اپنے چنگل میں پھنسا چکا تھا، چاہے وہ امریکہ کی کھوج ہو یا دور جنوبی ایشیائی ممالک میں ان کی آمد، ایسے میں جہانگیر کا انہیں تجارت کے لیے پروانہ اجازت دے دینا گھاٹے کا سودا ثابت ہوا، انگریزوں نے سرزمین ہند پر قدم رکھا، ان کی آمد ہندوستان کے لیے برا شگون تھی جس نے دو صدی سے زائد عرصے تک ہندوستانی عوام پر ظلم و ستم کے وہ پہاڑ توڑے، اور سفاکی و چنگیزی کی وہ خونچکاں داستان رقم کی جو ہندوستانی تاریخ کا ایک بدنما باب ہے۔

ہندوستان میں تجارتی روابط کو مضبوط تر کرنے کے لیے انگریزوں نے ایسٹ انڈیا کمپنی قائم کی، کسی بھی قوم کی اصل قوت اس کے معاشی وسائل ہوتے ہیں، ہندوستان کے معاشی وسائل میں زراعت اور صنعت و حرفت سر فہرست تھے، انگریزوں نے ان وسائل پر سب سے پہلے شب خون مارا، چھوٹی چھوٹی دیسی ریاستوں پر حملے کیے اور ان کو اپنا باج گذار بنا لیا، ۱۷۵۷ء میں انگریزوں نے بنگال کی ریاست پر حملہ کیا، سراج الدولہ کو مخبروں کی غداری کا سامنا کرنا پڑا، شکست فاش ہوئی، نتیجے میں انگریزوں کے حوصلے بلند ہو گئے، حیدر علی اور ان کے بیٹے ٹیپو سلطان کی مضبوط ریاست نے جنوب میں انگریزی استبداد کی ہر کوشش کو ناکام بنا دیا تھا، انگریز اس ریاست پر قبضہ کرکے ہندوستان پر اپنے تسلط کی تکمیل چاہتے تھے، اور بالآخر ۱۷۹۹ء میں ٹیپو سلطان کو بھی بدعہدوں کی بے وفائی نے شکست سے دوچار کیا، شیر میسور کی شہادت سے جنوب میں ایک عہد کا خاتمہ ہو گیا، اب سرزمین ہند اپنی تمام تر وسعتوں کے باوجود باشندوں کے لیے تنگ کی جانے لگی، انگریزوں نے کسانوں پر بے جا محصولات اور ٹیکس لگائے اور

ان کی عدم ادائیگی پر انہیں مختلف قسم کی سزائیں دیں، صنعت و تجارت سے جڑے افراد پر اقتصادی پابندیاں عائد کر دی گئیں، اس ستم گری نے مختلف سیاسی اور مذہبی تحریکوں کو جنم دیا، قوم کی افرادی قوت اب تحریکات کے زیر ماتحت آگئی، تحریک شہیدین کا ایمانی جذبہ اپنی آپ مثال ہے، انگریزوں نے شاہی سلاطین کو اپنے ماتحت کر کے ذلیل وخوار کیا اور انہیں اپنا پنشن خور بنا دیا، رفتہ رفتہ وہ پورے ہندوستان پر قابض ہونے لگے تھے، ہندوستانی تاریخ بلا تفریق اپنے عوام و خواص پر ہر ظلم و بربریت کو روا دیکھ رہی تھی، اب صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا تھا، چنگاری شعلہ بن چکی تھی، تنگ آمد بجنگ آمد کی صورت پیدا ہو چکی تھی، شکست خوردہ قوم کے پاس اب جنگ کے علاوہ کوئی چارہ نہیں بچا تھا، علماء اور مذہبی پیشواؤں نے انگریزوں سے جہاد کا فتویٰ صادر کیا اور پھر مئی ۱۸۵۷ء کو یہ آتش فشاں پھوٹ پڑا۔

۱۸۵۷ء کے انقلاب کو بعض انگریز مصنفین نے غدر سے موسوم کیا ہے، غدر کے معنی ہوتا ہے دھوکہ۔ یہ تعبیر اس لیے استعمال کی گئی تاکہ لوگ یہ سمجھیں کہ یہ انقلاب انگریزوں کے ساتھ دھوکہ تھا، ان کی سفاک ذہنیت کا اس سے بڑا ثبوت کیا ہو سکتا ہے ورنہ در حقیقت یہ انقلاب، آزادی کی پہلی منظم جنگ کے مانند تھا، یہ ظلم کے خلاف ہندوستانی فوجیوں اور عوام کی ایک بغاوت تھی، انگریزوں نے ہندوستان کی خانہ جنگیوں سے فائدہ اٹھا کر ملک پر تسلط جمانے کا موقع پا لیا تھا، ان کے غرور کی انتہا دیکھیے کہ وہ ہندو مسلمان اور ان کے مذہب کی تذلیل پر آمادہ ہو گئے، تعلیمی اداروں میں ایسا نظام نافذ کیا جس سے صرف عیسائی مذہب کی ترویج و اشاعت ہو، وہ ہر جائز و ناجائز طریقے سے ہندوستان کی دولت کو بڑی مستعدی سے انگلستان پہنچا رہے تھے۔ تعصب اور جانبداری پر مبنی قوانین وضع کیے گئے، فوجیوں میں گورے اور کالے کی جنسی تفریق کو روا رکھا گیا، دیسی سپاہ کو ایسے کارتوس کے استعمال پر مجبور کیا گیا جو گائے یا سور کی چربی سے آلودہ تھے، بے جا پابندیوں سے عوام بے حال ہو گئی، بہار اور دیگر علاقوں میں قحط سالی کی نوبت آگئی جس سے لاکھوں لوگ لقمہ اجل بن گئے، یہ منظر نامہ بڑا ہولناک ہے، جس پر گذری وہی جان سکتا ہے۔

ان ہولناکیوں نے عوام اور دیسی سپاہ میں بے چینی پیدا کر دی، انہوں نے انگریزوں کے خلاف خفیہ تیاریاں شروع کر دیں، ۳۱ مئی ۱۸۵۷ کو مزاحمت کا دن مقرر ہوا لیکن شومئ قسمت کہ یہ بغاوت قبل از وقت اور اچانک پھوٹ پڑی، تمام بنے بنائے منصوبے ناکام ہو گئے، پھر بھی انقلابیوں نے زبردست مزاحمت کی۔ میرٹھ، دلی، سہارنپور، بلند شہر اور مظفر نگر میں لڑائیاں ہوئیں، ہزاروں انگریز مارے گئے، دلی میں کئی مہینوں تک جنگ جاری رہی، جنرل بخت خان کی آمد نے انقلابیوں میں پھر سے جوش و خروش پیدا کر دیا، لیکن دھیرے دھیرے فوجی ساز و سامان میں کمی ہونے لگی، مالی وسائل کی قلت نے انقلابیوں کے جوش کو ٹھنڈا کر دیا، ادھر مخبروں کی نمک حرامی سے انقلابیوں کے بہت سارے فوجی ٹھکانے تباہ و برباد ہو گئے، قومیت کے جذبے کا فقدان اور سائنس و ٹکنالوجی کی کمی صاف طور پر دیکھی گئی، مراسلات اور ذرائع ابلاغ کے تمام راہوں کو انگریزوں نے مسدود کر دیا جس سے انقلابیوں کے درمیان رابطے اور خبر رسانی نہ کے

برابر رہ گئی، نیز انگریزوں کے پاس جدید اور ٹیکنالوجی سے مزین اسلحہ جات موجود تھے، ٹینکوں اور توپوں سے مسلح گورے سپاہ نے انقلابیوں کو پیچھے ڈھکیل دیا، یہ وہ بنیادی اسباب وعوامل تھے جس نے انقلاب کو ناکام بنادیا۔

۱۸۵۷ء کا انقلاب ایک طوفان بلا خیز تھا، اس میں ان لوگوں کا نام امر رہے گا جنھوں نے یا تو جام شہادت نوش کیا، تختہ دار پر لٹک گئے یا روپوش ہوگئے اور خانہ بدوشی کی زندگی گذار لی لیکن انگریزوں کے سامنے نہیں آئے، یہ بھی کسی جہاد سے کم نہیں کہ ایک شخص جنگلوں میں اپنی گذر بسر کرے، اور گمنامی کی زندگی کو ترجیح دے کر وطن کے لیے سر فروشی کی اعلی مثال قائم کرے۔ منگل پانڈے، نانا صاحب پیشوا، جنرل بخت خان، مولانا فضل حق خیر آبادی، راؤ تلارام، خان بہادر خان، رانا امر سنگھ، مولوی لیاقت علی، نواب ولی داد خان، تانتیا ٹوپی اور مولانا احمد اللہ یہ ان ہستیوں کا نام ہے جنھوں نے انقلابِ آفرین کی پر خار راہوں میں آبلہ پائی کی، یہ لوگ حق کی راہ کے وہ بے تیغ سپاہی تھے کہ مشکلات کے بڑے سے بڑے پہاڑ بھی ان کے قدموں میں تزلزل پیدا نہ کر سکے، مصائب و آفات نے ان کی جبینوں پر شکن نہ پڑنے دی اور وہ سر فروشی کی سنگلاخ وادیوں میں والہانہ چل پڑے۔

۱۸۵۷ء کے یہ واقعات و حادثات ہندوستان کی تاریخ میں ایک خاص اہمیت رکھتے ہیں، مغلیہ سلطنت کا عہد زریں اپنے اختتام کو پہنچتا ہے، کامل برطانوی استعمار کے ایک نئے عہد کا آغاز ہوتا ہے، اس انقلاب کو ہم اپنی آزادی کا نقش اولین قرار دیں تو بے جانہ ہوگا، ہم ۱۸۵۷ کے انقلاب کا گہرائی سے تجزیہ کریں تو یہ بات واضح ہوگی کہ اس دور کا ماحول بے شمار دشواریوں میں گھرا ہوا تھا، یہ حقیقت ہے کہ تمام ہندوستانی بیک وقت انگریزوں کے خلاف انقلابیوں کا ساتھ نہ دے سکے، بہت سے راجاؤں اور نوابوں نے انگریزوں کی حمایت کی، اس کے باوجود ملک کا تین چوتھائی حصہ انقلابیوں اور انگریزوں کے مابین کشت وخون کی آماجگاہ بنارہا، انگریزوں کی بدترین سوچ ''پھوٹ ڈالو حکومت کرو'' کے باوجود ہندو مسلم شانہ بشانہ انگریزوں سے بر سر پیکار رہے، اس انقلاب کا اثر ملک کے گوشے گوشے تک پھیلا، قومیت کا جذبہ پروان چڑھا، سر سید نے تعلیمی بیداری کی داغ بیل ڈالی۔ ضمیر فروش، ننگِ قوم و ملت اور اغیار کے تلوے چاٹنے والے بے شمار لوگوں کے نام طشت از بام ہوئے۔ آزادی کی جدوجہد کی نئی رفتار کا آغاز ہوا، انقلابیوں کی شہادت اور قربانیاں ضائع نہیں گئیں، ان کی یہ سر فروشی ہی ہماری غیرت کو زندہ رکھنے کا کام دیتی رہی، قوموں کی حیات و تابندگی قربانیوں کی رہینِ منت ہے، سبھاش چندر بوس کے تاریخی کلمات یادرکھنے کے قابل ہیں:

> ''افراد کی قربانی اور موت سے قومیں زندہ ہوتی ہیں،
> اگر میں کل اپنے ملک کو زندہ دیکھنا چاہتا ہوں تو مجھے
> آج اس کے لیے مر جانا ہوگا، تاکہ میرا وطن آزادی
> اور عظمت سے ہم کنار ہو سکے۔''

✆
+918090763634
+966569244955
asimafzal3634@yahoo.com

ایک ہی چھت کے نیچے پوری دنیا

«العالم تحت سقف واحد»

عبداللہ تمجید
جامعہ اسلامیہ، مدینہ منورہ

پوری دنیا میں ہزاروں کی تعداد میں اسلامی اور غیر اسلامی یونیورسٹیاں موجود ہیں، ان میں صرف جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ ہی کو یہ امتیاز حاصل ہے کہ یہاں ایک سو ستر (۱۷۰) ملکوں کے طلبہ ایک ساتھ ایک ہی جگہ میں رہ کر تعلیم حاصل کرتے ہیں، جو اپنے آپ میں ایک عالمی ریکارڈ ہے، اسی وجہ سے اس سال جامعہ کا نام ورلڈ گینز بک (World Guinness Book) میں لکھا گیا، فللہ الحمد والشکر۔

﴿وَجَعَلْنَٰكُمْ شُعُوبًا وَقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوٓاْ﴾ (الحجرات: ۱۳) کو مد نظر رکھتے ہوئے جامعہ میں ہر سال تقریبا دس سالوں سے "مهرجان الثقافات والشعوب" کے نام سے ایک کلچرل فیسٹیول منعقد ہو رہا ہے، جس میں دنیا کے مختلف حصوں سے زیر تعلیم جامعہ ہی کے طلبہ اپنی اپنی خاص تہذیب اپنے اپنے خاص انداز سے پیش کرتے ہیں۔

لسانی تہذیب، کھان پان کی تہذیب، پہننے اوڑھنے کی تہذیب، رہن سہن کی تہذیب وغیرہ وغیرہ ہر ملک و قوم کی اللہ نے الگ الگ بنائی ہے، اللہ کی اس عظیم کاری گری کا نظارہ آپ بڑی آسانی سے اس کلچرل فیسٹیول میں دیکھ سکتے ہیں، نہ ملکوں کی سرحدیں عبور کرنی ہیں، نہ ہوائی جہاز کا خرچ برداشت کرنا ہے، نہ ویزہ وغیرہ کے مسائل سے دوچار ہونا ہے، آپ ایک ہی چھت کے نیچے تقریباً پوری دنیا کی سیر کر سکتے ہیں وہ بھی صرف چند گھنٹوں میں اور انتہائی دلچسپی کے ساتھ۔

جامعہ میں اس فیسٹیول کا یہ دسواں سال تھا، جس میں تقریبا اسی (۸۰) سے زیاد ملکوں کے طلبہ شریک ہوئے، ہندوستانی طلبہ بھی ان میں سے ایک تھے، جن کی اگوائی شیخ ابوہریرہ عبدالستار طالب کلیۃ الدعوہ کر رہے تھے۔

۱۸ تا ۲۶/ مئی ۲۰۲۲ء چلنے والے اس فیسٹیول میں شریک ہندوستانی طلبہ نے کافی محنت کی، ان نو (۹) دنوں میں تقریباً ہر روز کوئی نہ کوئی مسابقہ ضرور ہوتا اور ہر مسابقہ میں ہندوستانی طلبہ جوش وخروش سے شریک ہوتے، کبھی یہ مسابقہ اسٹیج پر ہوتا تو کبھی ہر ملک کے لیے مخصوص خیمہ میں، اور کبھی فیسٹیول کے لیے مختص عام میدان میں، ہر ایک مسابقے میں یہ طلبہ پوری قوت اور انفرادیت کے ساتھ حصہ لیتے اور سرخ رو ہونے کی کوشش کرتے۔

اس فیسٹیول میں کل دس (۱۰) الگ الگ مسابقات ہوئے:

۱- مسابقہ امثال وحکم ۲- مسابقہ الشعر بلغاتہم

۳-مسابقہ العاب شعبیہ　۴-مسابقہ ازیاء شعبیہ

۵-مسابقہ یوم الشائ　۶-مسابقہ یوم القھوہ

۷-مسابقہ یوم المائدہ العالمیہ　۸-مسابقہ ہذہ بلادی

۹-مسابقہ ثقافیہ

۱۰-مسابقہ افضل جناح مواجہۃ والشکل والعرض

اول الذکر پانچ مسابقوں میں ہندوستانی طلبہ پہلی سے چوتھی کسی نہ کسی پوزیشن کو پانے میں کامیاب رہے:

۱-مسابقہ امثال وحکم میں پہلی پوزیشن۔

۲-مسابقہ الشعر بلغاتہم میں دوسری پوزیشن۔

۳-مسابقہ العاب شعبیہ میں تیسری پوزیشن۔

۴-مسابقہ ازیاء شعبیہ میں تیسری پوزیشن۔

۵-مسابقہ یوم الشائ میں چوتھی پوزیشن۔

اور ایک دن عوامی ووٹنگ "آپ کی نگاہ میں سب سے افضل خیمہ" (التصویت لأفضل الجناح) میں پہلی پوزیشن۔

پھر پورے نو (۹) دنوں میں سب سے بہتر اور نمایاں کارکردگی پیش کرنے والے دس (۱۰) کامیاب ممالک میں الحمدللہ ہندوستان دوسرے نمبر پر رہا۔

دس (۱۰) کامیاب ممالک:

۱-یمن　۲-ہندوستان　۳-فلپائن۔

۴-انڈونیشیا　۵-لیبیا

۶-مغرب (Morocco).　۷-بنگلہ دیش

۸-افغانستان　۹-ترکی　۱۰-سوریہ (شام)

شروعات میں تو یوں لگا کہ ہمیں اپنا نام واپس لے لینا چاہیے، مگر اللہ جزائے خیر دے بڑے اخوان کو خصوصا دکتور پرویز نکوا اور مندوب محترم شیخ سعود حفظہما اللہ کو، انہوں نے بر وقت نہ صرف مہرجان میں بنے رہنے کا مشورہ دیا بلکہ کافی حوصلہ بھی دیا اور فیسٹیول کے آخر دن تک ساتھ دیتے رہے۔

اس فیسٹیول میں ہماری کامیابی میں سب سے پہلے اللہ کا فضل ہے اور پھر تمام شریکان جناح ہندی کی مجموعی کوشش کا نتیجہ ہے، 'یوم' کے تحت سارے مسابقوں میں فیملی والے اخوان کرام کا بھرپور تعاون رہا۔

مسابقہ یوم الشائ میں تقریبا ۱۸ قسم کی چائے، مسابقہ یوم القھوہ میں تقریبا ۸ قسم کی کافی، مسابقہ یوم المائدہ میں تقریبا ۸۰ طرح کے مختلف میٹھے اور چٹ پٹے پکوان، یہ سب ان ہی مشائخ اور دوسرے احباب کی کوشش سے ہو پایا۔

اس کامیابی پر سب سے پہلے اللہ کا شکریہ جیسا کہ اس کے شایان شان ہے، پھر تمام بڑے مشائخ کا شکریہ اور جناح ہندی کو اوپر تک لے جانے والے تمام تر شہسواران شریکانِ جناح ہندی کا شکریہ اور ایسے ہی ان تمام احباب کا شکریہ جنہوں نے اپنا کسی بھی طرح کا تعاون دیا ہو۔

والشکر من القلب إلی القلب۔

شریک جناح ہندی

عبداللہ تمجید

فاضل جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ

WhatsApp:+917208620219

abdullahtamjeed@gmail.com

مشاهد نصرة الله لنبيه ﷺ

جنيد يوسف عبد الرقيب
قسم اللغة العربية وآدابها، كلية الآدب، جامعة الملك سعود

نصرة الله لنبيه كانت ظاهرة ومرتبطة معه منذ أن بعثه الله إلى الناس هاديا ونذيرا، وقد أرسله الله إلى الناس جميعا وأعطاه الكتاب، حيث نزل به الروح الأمين، كما قال الله تعالى ﴿**نزل به الروح الأمين على قلبك لتكون من المنذرين**﴾[١]، أنزل الله الآيات القرآنية في مختلف مشاهد الدعوة إلى الله تعالى تسلية له وتقوية لقلبه، ومساندته باختيار صحبة الصحابة الأخيار على أنهم كانوا من خيرة أرواح الأمة إلى يوم القيامة، وهم يفدون بأموالهم وأرواحهم للنبي ﷺ، واختارهم الله لنصرة نبيه ﷺ في مختلف مراحل الدعوة وشؤون الدين، كما يقول عبد الله بن مسعود رضي الله عنه: ((إن الله نظر في قلوب العباد فوجد قلب محمد ﷺ خير قلوب العباد فاصطفاه لنفسه فابتعثه برسالته، ثم نظر في قلوب العباد بعد قلب محمد فوجد قلوب أصحابه خير قلوب العباد فجعلهم وزراء نبيه يقاتلون على دينه))[٢]، وذلك بأن الله يختار لصحبة الأنبياء من ينصرونه ويعززونه ويصاحبونه في شؤون الدين ونشر الرسالة الإلهية ومشاهد هذه النصرة تلوح في حياة النبي ﷺ ظاهرا وباطنا شاهدها المسلمون كما شاهدها الآخرون، وقد فصلت في القرآن الكريم والأحاديث النبوية مظاهر النصرة والتأييد في الغزوات واللمحات الأخرى من حياة النبي ﷺ.

